Chicago Public Schools

مارچ، 2020

معزز CPS والدین، اہل خانہ، اور عملہ،

آج ہی، گورنر پرٹزکر (Pritzker) نے گھر پر قیام کا حکم جاری کیا ہے جس کا آغاز 21 مارچ، بروز ہفتہ شام 5 بجے سے ہوگا اور 7 اپریل، 2020 تک جاری رہے گا، اور ناظم لائٹ فٹ (Lightfoot) نے کاروباری اداروں کے بند ہونے کے ساتھ ہی شکاگو کے تمام پارکوں کو آج اور لائبریریوں کو کل رات 12 بجے تک بند کر دینے کا حکم دیا ہے تاکہ COVID-19 کے پھیلاؤ کی رفتار میں کمی لائی جا سکے۔ ہم گورنر کے اس فیصلے کی حمایت کرتے ہیں کہ ہماری ریاست میں موجود ہر فرد کی صحت اور فلاح وبہبود کو ترجیح دی جائے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ اس فیصلے سے ہمارے طلباء اور ان کے اہل خانہ کو اضافی مشکلات کا سامنا ہوگا، اور اس مدت کے دوران خاندانوں کی مدد کے لیے ضلعے کے وسائل سے بھرپور فائدہ اٹھانے کے لیے بدستور پرعزم ہیں۔ کھانوں سے لے کر، معلومات، طلباء کو مصروف رکھنے میں مدد فراہم کرنے کے لیے افزودہ سرگرمیوں تک، ہم بطور ضلع، اور ایک گھرانہ ہونے کی حیثیت سے ایک دوسرے کی معاونت کے لیے اکٹھے مل کر کام کرنا جاری رکھیں گے۔ میں اپنے تمام نگرانوں، تعمیراتی انجینئرز، اسکول کے منتظمین، غذائیت، سیف پاسیج، اور حفاظتی عملے کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں جنہوں نے اس مقصد کے لیے انتھک محنت کی ہے تاکہ ہمارے اسکولز ہمارے یہاں موجود ضرورت مند گھرانوں کو نصف ملین سے زائد کھانے مہیا کرسکیں۔ ہم ہفتے کے ہر روز صبح 9 بجے تا دوپہر 1 بجے تک کھانے کے ایسے مفت پیکیجز پیش کرنا جاری رکھیں گے جس میں گھر کے ہر بچے کے لیے تقریباً تین دن تک کا کھانا موجود ہوگا۔

ہم یہ بھی تسلیم کرتے ہیں کہ اب بھی ایسے بہت سے مسائل موجود ہیں جنہیں حل کرنا باقی ہے مثلاً گریڈ پروموشنز، منتخب کردہ اسکولوں میں داخلے، اور ہائی اسکول گریجوئیشن۔ ضلع اب ان مسائل پر کام کر رہا ہے اور ہم جتنا جلدی ممکن ہو سکے اہل خانہ کو جدید معلومات سے آگاہ کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔

آنے والے دنوں میں ہم جن مشکلات کا سامنا کریں گے وہ غیر معمولی ضرور ہیں، لیکن ناقابل تسخیر نہیں۔ ہم آپ کے صبر اور حمایت کے لیے آپ کے شکرگزار ہیں اور صورتحال میں پیشرفت ہونے کے ساتھ ساتھ آپ کو باخبر کرنے کا عہد کرتے ہیں۔

COVID-19 سے متعلق سب سے زیادہ قابل اعتبار معلومات کے لیے، براہ کرم [www.chicago.gov/coronavirus](http://www.chicago.gov/coronavirus) یا [www.cdc.gov/coronavirus](http://www.cdc.gov/coronavirus) ملاحظہ کریں۔ خصوصاً اسکول سے متعلقہ اپ ڈیٹس کے لیے، [www.cps.edu/coronavirus](http://www.cps.edu/coronavirus) ملاحظہ کریں۔ اگر آپ کو طبی نگہداشت کی تلاش میں مدد درکار ہو، تو براہ کرم oshw@cps.edu ملاحظہ کر کے یا صحی CPS ہاٹ لائن 773-553-5437) KIDS) پر کال کر کے CPS دفتر برائے صحت و بہبود و طلباء سے رابطہ کریں۔

مخلصاً،

جینس کے۔ جیکسن (Janice K. Jackson, EdD)
چیف ایگزیکٹیو افسر
شکاگو پبلک اسکولز (Chicago Public Schools)